
# متاثرین داسو ڈیم

# کے ساتھ شرکت ومشاورت



داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (واپڈا)

پاکستان

Scanned by CamScanner

## تعارف

داسو ڈیم اس وقت ملکی تاریخ کا ایک اہم اور اپنی نوعیت کا ایک منفرد پراجیکٹ ہے۔ اس کی افادیت موجودہ بجلی کے بحران کی وجہ سے ہے۔ یہ ڈیم دریائے سندھ پر 7 کلومیٹر شمال کی جانب داسو کے مقام پر بنایا جا رہا ہے جو کہ ضلع کوہستان میں واقع ہے۔ ضلع کوہستان اپنی مخصوص ثقافت اور جغرافیائی حیثیت کی وجہ سے خیبر پختون خوامیں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ اس ڈیم کی حدود 74 کلومیٹر شمال کی جانب دیامیر بھاشا سے 5 کلومیٹر پہلے ختم ہوتی ہے۔ داسو ڈیم واپڈا، حکومت پاکستان اور عالمی بنک کے باہمی تعاون سے تعمیر کیا جارہا ہے جس میں متاثرین کی بحالی کے لئے مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں۔

## داسوڈیم کے فوائد

داسوڈیم سے مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہونگے۔

الف۔ سستی بجلی کا حصول

ب۔ ماحول دوست منصوبہ / کاربن کے اخراج سے پاک

ج۔ سیلاب کی روک تھام میں مددگار

د۔ زراعت اور نہری نظام کی بحالی میں اہم سنگ میل

ر۔ ماہی گیری کے فروغ میں مددگار




## شرکت ومشاورت

شرکت ومشاورت وہ عمل ہے جس میں متعلقہ لوگوں سے کسی بات پر رائے اور تجویز مانگی جاتی ہے اور فیصلہ سازی میں ان کو شامل کیا جاتا ہے۔



متاثرین داسوڈیم کے ساتھ شرکت و مشاورت کے عمل کو مقدم رکھا گیا ہے۔ ورلڈ بینک کی آپریشنل پالیسی کی روح سے اس منصوبے کی وجہ سے متاثر ہونے والے لوگوں کے ساتھ بامعنی مشاورت ہونی چاہیے اور منصوبے کی وجہ سے بے گھر ہونے والے افراد کو اپنی نوآبادکاری کی جگہوں کے انتخاب کا موقع فراہم کیا جانا چاہیے اور ان کو نوآبادکاری کے منصوبوں میں شرکت کا موقع ملنا چاہیے۔ پالیسی کے تحت بے گھر ہونے والوں میں سے غیر محفوظ افراد کی ضروریات پر خصوصی توجہ دی جائے گی ان میں خواتین اور بچے، اور وہ افراد شامل ہیں جن کی اپنی زمین نہ ہو۔ مشاورتی جرگے میں ان افراد کی شرکت اور رائے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

## داسوڈیم کے علاقے میں شرکت ومشاورت کی اہمیت

کوہستان میں تمام اہم معاملات کو جرگے کے ذریعے مشاورت سے حل



کیا جاتا ہے۔ جرگہ کے نظام کی اس علاقے میں گہری جڑیں ہیں اس لیے ہر اہم منصوبے کی کامیابی کے لیے مقامی افراد کی مشاورت اور شرکت لازمی جز سمجھی جاتی ہے۔ اس بات کو مدنظر رکھ کر پراجیکٹ کے ہر مرحلے میں متاثرین کی شرکت اور مشاورت کو خاص اہمیت دی گئی ہے۔ متاثرین داسوڈیم کو ان کے معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے کیے جانے والے تمام کاموں میں شامل کیا جاتا ہے۔

## مشاورت کا طریقہ کار

پراجیکٹ کے متاثرہ افراد کے ساتھ بامعنی شرکت ومشاورت کیلئے دو



سے تین دن پہلے میٹنگ کیلئے متعلقہ گاؤں میں اطلاع دی جاتی ہے تاکہ لوگوں کو جرگے کی بروقت خبر ہو اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کی شرکت یقینی بنائی جاسکے۔ جرگے کا ایجنڈا شرکاء کو بتایا جاتا ہے اور ایجنڈے کے ہر نقطے پر جرگے میں موجود افراد سے مشاورت کی جاتی ہے۔ ڈیم متاثرین سے مشاورت کے دوران معاشرے کے بے سہارا اور بے آواز افراد کی شرکت اور انکی رائے پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

## منصوبے کی سماجی ٹیم کا متاثرین کے ساتھ مشاورت کے ایجنڈے کے نکات۔

پراجیکٹ کی عوامی شرکت و مشاورت کے لئے مقرر ٹیم مندرجہ ذیل نکات پر متاثرین کے ساتھ مشاورت کرتی ہے۔

(ا) گاؤں کی کمیٹی کا قیام۔ متاثرہ گاؤں کے افراد کے ساتھ مشاورت کے بعد گاؤں کی کمیٹی بنائی جاتی ہے جو کہ تین سے پانچ افراد پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کمیٹی کے ممبران پراجیکٹ کی فیلڈ ٹیم کے ساتھ نوآبادکاری کے جملہ معاملات پر مشاورت میں حصہ لیتے ہیں۔

(ب) نوآبادکاری کی جگہ کا انتخاب اور معاہدہ۔ متاثرہ گاؤں کی کمیٹی کے مشورے سے متاثرہ گھرانوں کی نوآبادکاری کیلئے جگہ کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ نوآبادکاری کی جگہ کا نقشہ متاثرہ گھرانوں کے سربراہان کو دکھایا جاتا

Scanned by CamScanner

ہے اور ان کی رضامندی کے بعد معاہدے پر ان کے دستخط لئے جاتے ہیں۔

(ج) علاقے کی ترقیاتی سکیموں پر مشاورت۔ نوآبادکاری کے مقامات پر متاثرہ گاؤں کے افراد کی مشاورت سے ہر گاؤں کیلئے دو ترقیاتی سکیموں کا انتخاب کیا جاتا ہے اور متاثرہ گھروں کے سربراہان سے سکیموں کے معاہدے پر دستخط لیے جاتے ہیں۔

(د) متاثرین کے ذرائع آمدن کیلئے مشاورت۔ ڈیم متاثرین کے ساتھ ان کے ذرائع آمدن کے حوالے سے مشاورت کی جاتی ہے۔ متاثرہ گھرانوں سے مشاورت کے بعد ہنر سکھانے کیلئے نوجوانوں کے نام لیے جاتے ہیں اس کے علاوہ متاثرین کے ساتھ منصوبے میں ہونے والی ملازمتوں کے حوالے سے مشاورت کی جاتی ہے۔ ان کو بتایا جاتا ہے کہ اہل مقامی افراد کو ملازمتوں میں ترجیح دی جائے گی۔ اس کے علاوہ متاثرہ افراد کی معاوضے کی رقم کو مختلف کاروباری کاموں میں لگوانے کیلئے ان سے مشاورت کی جاتی ہے جس میں ان کو مختلف سرمایہ کاری کے مواقع بتائے جاتے ہیں۔

(س) تنازعات کے حل کیلئے مشاورت۔



متاثرین کی آپس میں، واپڈا اور ٹھیکہ دار کے ساتھ کسی بھی مسئلے کو مشاورت کے ذریعے حل کیا جاتا ہے۔

## متاثرین کی اہم کمیٹیوں میں شرکت

داسو ڈیم منصوبے میں دوسرے متعلقین/ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ متاثرین کی شمولیت کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ مثلاً

(ا) متاثرین کی شکایات دور کرنے کیلئے کمیٹیاں

متاثرین کی داسو ڈیم منصوبے کے حوالے سے کسی بھی شکایت اور رنجیدگی کو دور کرنے کیلئے گاؤں، یونین



کونسلز، ضلع اور پراجیکٹ کی سطح پر کمیٹیاں بنائی جا رہی ہیں اور ان تمام کمیٹیوں میں متاثرین کی نمائندگی بھی ہوگی۔

(ب) زمین کی پیائش اور سروے ٹیم

اس میں متاثرہ گاؤں کے نمائندے سروے ٹیم کے ساتھ پیائشی سروے میں شرکت کرینگے۔

(ج) جائیداد کی قدر کے تعین کیلئے مشاورتی کمیٹی

اس میں گاؤں کا ملک یا قبائلی معززین ممبر ہونگے اور گاؤں کی سطح پر جائیداد کی قدروقیمت کے تعین کیلئے مشاورت میں شریک ہونگے۔


## ادارہ برائے سماجی ونوآبادکاری

فون نمبر: 0998407300

ای میل: sruwapda@gmail.com


Scanned by CamScanner